حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

مجلّہ: الہدیٰ (جنوری 2004ء) **مدیر:** ثناء اللہ سعد شجاع آبادی (تبصرہ: ابوالادیب)

قیمت: 12 روپے، سالانہ 120 روپے **طابع:** خلافت راشدہ اکیڈمی خیر پور سندھ

''الہدیٰ'' کا پہلا شمارہ ہمارے سامنے ہے۔ خوبصورت رنگین ٹائٹل کے ساتھ، پُر مغز مضامین کا مجموعہ جس میں سید نفیس الحسینی کی نعت ؎

دنیا سیپ، محمد موتی صلّی اللہ علیہ وسلّم
اُس بن دنیا کیسی ہوتی صلّی اللہ علیہ وسلّم

کے ساتھ ساتھ، مولانا ابوالکلام آزادؒ، سید ابوالحسن علی ندویؒ، سید نورالحسن بخاریؒ، مفتی محمد انور، علامہ علی شیر حیدری، مولانا زاہدالراشدی، جاوید چودھری اور حامد میر کی تحریریں شامل ہیں۔ بے حیائی اور بے دینی کے اس دورِ پُرفتن میں ایک اور دینی پرچے کا اجراء صحافتی دنیا کے لئے بے شک ایک حوصلہ افزا بات ہے۔

کتاب: رسائل ثلاثہ **مترجم:** مولانا قاری قیام الدین الحسینی

ضخامت: 330 صفحات **ناشر:** الطاف اینڈ سنز پی او بکس نمبر 5882 کراچی

زیرِ نظر کتاب میں، مترجم نے سیدنا مہدی علیہ الرحمۃ اور سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں عربی میں لکھے گئے، علامہ جلال الدین سیوطی اور علامہ ابن حجر مکی ہیتمی رحمۃ اللہ علیہما کے تین رسائل کا ترجمہ کیا ہے۔ جس میں حضرت مہدی علیہ الرحمۃ کے نام و نسب، شاندار کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے، علاوہ ازیں کے نزول وحالات اور نزول کے بعد شریعت محمدیہ کے مطابق آپ کے فیصلوں کا تذکرہ شامل ہے۔ کتاب، متعلقہ روایات ومعلومات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ ہے۔

جریدہ: ''القاسم'' (اشاعت خاص بیادِ مولانا سید سلیمان ندویؒ)

تالیف: حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی **ضخامت:** 451 صفحات

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد۔ نوشہرہ صوبہ سرحد

مولانا عبدالقیوم حقانی بے شک مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے مسلسل پانچ کامیاب خصوصی اشاعتوں کے بعد چھٹی اشاعت خاص ''سید سلیمان ندویؒ'' نمبر شائع کی ہے۔ جس میں ثقہ مصنفین: سید مصباح الدین عبدالرحمٰن، سید ابوالحسن علی ندوی، شاہ معین الدین احمد ندوی، عبدالرشید عراقی، ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی، ڈاکٹر نثار احمد فاروقی، ڈاکٹر غلام محمد، ڈاکٹر محمد نعیم صدیقی ندوی کی تحریریں شامل ہیں۔ ان مضامین میں سید سلیمان ندویؒ کی پُرعزم وبلند مرتبہ زندگی کے حالات وواقعات کے حوالہ سے انتہائی